2020年5月27日ジャング紙ラホール版4面

37لاکھ ہیکٹر زرقبہ پر 44ہزار لٹر پیسٹی سائیڈز کا سپرے

صوبہ میں ٹڈی دل پر کنٹرول کیلئے جنگی بنیادوں پر اقدامات کئے جا رہے ہیں: سیکرٹری زراعت

لاہور (اکنامک رپورٹر) سیکرٹری زراعت پنجاب واصف خورشید نے کہا ہے کہ صوبہ میں ٹڈی دل پر کنٹرول کیلئے جنگی بنیادوں پر اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ ڈیپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کے تعاون سے محکمہ زراعت پنجاب نے ٹڈی دل کی موسم بہار کی افزائش کو کنٹرول کرنے کیلئے فضائی سپرے کا انتظام مکمل کرلیا ہے اور اس مقصد کیلئے وفاقی ادارہ پلانٹ پروٹیکشن کے تعاون سے 3 ہوائی جہاز بھی مہیا کیے جا رہے ہیں۔ بروقت کارروائیوں سے ٹڈی دل کے حملہ سے پنجاب میں فصلوں کو ابھی تک کوئی قابل ذکر نقصان نہیں پہنچا۔ اب تک مجموعی طور پر 37 لاکھ ہیکٹر زرقبہ کی سرویلنس مکمل کی جا چکی ہے اور 1 لاکھ 33 ہزار ہیکٹر زرقبے پر 44 ہزار لٹر سے زائد پیسٹی سائیڈز کا سپرے کیا جا چکا ہے۔ پاک آرمی، محکمہ زراعت پنجاب، پی ڈی ایم اے، ضلعی انتظامیہ پر مشتمل ٹیموں کے تحت مشترکہ کنٹرول آپریشن تاحال جاری ہے۔